فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

(۱)

وحی و الہام

(۲)

برہانِ امامت

محاضرہ

حضرت حجۃ الاسلام آیۃ اللہ فی الانام سرکار شریعتمدار

میرزا عبدالکریم زنجانی نجفی مجتہد صان اللہ بوجودہ حوزۃ الاسلام

مرتبہ

[illegible] حسن جعفری مولوی فاضل منشی فاضل ایم اے ایم او ایل ایل ایل بی [illegible] لاہور

بامر سرکار

عظمت مدار جلالت دثار جلیل العز والشان

جناب مستطاب نواب نثار علیخاں صاحب قزلباش دام مجدہ

باہتمام میاں فیروز الدین پرنٹر علمی پرنٹنگ پریس لاہور میں چھپا

له الحمد و له الشکر بآلائه

موضوعات مہمہ فلسفی، اجتماعی، دینی و
مذہبی کہ از حضور مجتہد اکبر و اعلم و فیلسوف
اعظم اسلام سرکار میرزا عبدالکریم زنجانی
نجفی سوال نمودہ شد سال اقامت ایشان بود
من کہ در آن مجلس حاضر بودم جوابہائے سرکار
مجتہد اعظم موصوف را کہ سہ ساعت وقت را
مستغرق شد بقدر مقدور ضبط نمودم و تا از آن
جوابہا را کہ یکے متعلق بوحی و الہام و دیگرے
متعلق بہ برہان عقلی اما تست چونکہ دینی و مذہبی
است فعلاً نشر می نمایم برائے تعمیم نفع باقی را
نیز ہرگاہ توفیق مساعد شود نشر خواہم نمود۔

سید حسن جعفری

نواب پلیس۔ ایمپرس روڈ۔ لاہور

محاضرۂ اوّل

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

سوال

وحی کیا ہے۔ وحی اور الہام میں کیا فرق ہے۔ وحی کا صحیح ہونا کس طرح سے معلوم ہو۔ چونکہ اس ملک (ہند) میں یہ مطلب نہایت اہم ہے۔ متمنی ہوں کہ جواب بیان فرمائیں اور اشارۃً یہ بھی فرمائیں کہ دین اسلام خاتم ادیان کس طرح سے ہے۔

جواب

بسم اللہ تعالےٰ ولہُ الحمد ومنہ الاستعانۃ وبہ الثقۃ

اس سوال میں تین باتیں پوچھی گئی ہیں

اوّل معنی وحی اور یہ کہ کلمہ وحی کس معنی میں استعمال ہوا۔

دوم حقیقت وحی اور حقیقت الہام اور یہ کہ وحی اور الہام میں کیا فرق ہے

سوم صحت وحی کے حکم کی میزان کیا ہے۔

مطلب اوّل

یہ سمجھ لینا چاہئے کہ کلمہ وحی کے قرآن مجید میں محل استعمال کے متعلق مفسرین وغیرہ کے بیانات اور وحی کے اقسام اختلاف رائے سے خالی نہیں ہیں چونکہ ہم کو ان کی تفصیل کا موقع حاصل نہیں ہے۔ اس لئے مجملاً بیان کرتے ہیں۔

لفظ وحی قرآن شریف میں سات معنی میں استعمال ہوا

محاضرهٔ اوّل

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

سوال

وحی چیست - فرق میان وحی و الہام چیست و از کجا معلوم میشود صحیح بودن وحی چوں دریں ملک این مطلب بسیار مہتم است - متمنی ہستم جواب را بیان فرمایند با اشارہ بہ خاتم ادیان بودن دین اسلام

جواب

بسم اللہ تعالےٰ ولہ الحمد ومنہ الاستعانۃ وبہ الثقہ

ایں سؤال متضمن استفسار از سہ مطالب می باشد

اوّل معنی و مستعمل فیہ کلمہ وحی

دوّم حقیقت وحی و حقیقت الہام و فرق وحی از الہام

سیّم میزان حکم بصحت وحی

مطلب اوّل

بدانکہ کلمات مفسرین و غیرہم در بیان موارد استعمال کلمہ وحی در قرآن مجید و اقسام آن خالی از اضطراب نیست و مارا چوں مجال تفصیل نیست اجمالاً میگوئیم

لفظ وحی در قرآن شریف در ہفت قسم از معنی استعمال

ہے جیسا کہ باب مدینہ علم نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یعنی حضرت علی علیہ السلام سے ہم کو پہنچا ہے ۔

اوّل وحی النبوۃ ترپن[۵۳] مقامات میں ذکر ہوا ہے

دوّم وحی الألہام

سوّم وحی الاشارہ

چہارم وحی التقدیر

پنجم وحی الامر

ششم وحی الخیر

ہفتم وحی الکذب

اوّل وحی النبوہ کا ذکر حسب ذیل مقامات میں ہوا ہے :-

سورہ نساء آیہ ۱۶۳

انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح و النبیین من بعدہ و اوحینا الی ابراھیم و اسمعیل الخ

و یونسؑ	۳	۱۵	۸۷	۱۰۹	
و ہودؑ	۱۲	۳۶	۳۷	۴۹	
و یوسفؑ	۳	۱۰۲	۱۰۹		
و ابراہیمؑ	۱۳				
و انعام	۲۰	۵۱	۹۳	۱۰۶	۱۴۶
و نحل	۴۳	۱۲۳			

شده است حسبما بلغنا من باب مدینۂ علم النّبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلّم
اوّل وحی النّبوّة در پنجاه و سه موضع ذکر شده است
دوّم وحی الألهام
سیّم وحی الأشاره
چہارم وحی التّقدیر
پنجم وحی الأمر
ششم وحی الخیر
ہفتم وحی الکذب

اوّل وحی النّبوه ذکر شده است
در سوره نساء آیه ۱۶۳
انا اوحینا الیك کما اوحینا الی نوح و النّبیین

من بعده واوحینا الی ابراهیم واسمٰعیل الخ

و یونس	۳	۱۵	۸۷	۱۰۹	
و ہود	۱۲	۳۶	۳۷	۴۹	
و یوسف	۳	۱۰۲	۱۰۹		
و ابراہیم	۱۳				
و انعام	۲۰	۵۱	۹۳	۱۰۷	۱۴۶
و نحل	۴۳	۱۲۳			

و	بنی اسرائیل	۳۹	۷۳	۸۶		
و	کہف	۲۷	۱۱۰			
و	طٰہٰ	۱۳	۵۰	۷۹	۱۱۹	
و	انبیاء	۷	۲۵	۴۵	۱۰۸	
و	مؤمنون	۲۷				
و	شعراء	۵۲				
و	عنکبوت	۴۵				
و	احزاب	۳				
و	سبا	۵۰				
و	فاطر	۳۱				
و	زمر	۶۵				
و	شوریٰ	۳	۷	۱۳	۵۱	۵۲
و	زخرف	۴۳				
و	احقاف	۹				
و	والنجم	۴	۱۰			
و	جن	۱				
و	رعد	۳۰				
و	ص	۷۰				
و	اعراف	۲۰۳				

و بنی اسرائیل	۳۹	۷۳	۸۶		
و کہف	۲۷	۱۱۰			
و طہ	۱۳	۵۰	۷۹	۱۱۹	
و انبیاء	۷	۲۵	۴۵	۱۰۸	
و مؤمنون	۲۷				
و شعراء	۵۲				
و عنکبوت	۴۵				
و احزاب	۳				
و سبا	۵۰				
و فاطر	۳۱				
و زمر	۶۵				
و شوریٰ	۳	۷	۱۳	۵۱	۵۲
و زخرف	۴۳				
و احقاف	۹				
و والنجم	۴	۱۰			
و جن	۱				
و رعد	۳۰				
و ص	۷۰				
و اعراف -	۲۰۳				

دوم وحی الالہام کا ذکر حسبِ ذیل مقامات میں ہوا ہے

سورہ قصص آیہ ۷

و اوحینا الیٰ امّ موسیٰ ان ارضعیہ

و نحل ۶۸

و طہٰ ۳۸

و انفال ۱۲

سیّوم وحی الاشارہ کا ذکر حسبِ ذیل مقامات میں ہوا ہے

سورہ مریم آیہ ۱۱

فخرج علیٰ قومہٖ من المحراب فاوحیٰ الیھم ان سبّحوا بکرۃً وعشیًّا

یعنی اُن کی طرف اشارہ کیا اس دلیل سے کہ قبل اس کے اسی

سورہ آیہ ۱۰ میں فرمایا ہے -

اٰیتک ان لّا تکلّم النّاس ثلٰث لیالٍ سویًّا

اور سورہ آل عمران آیہ ۴۱

اٰیتک ان لّا تکلّم النّاس ثلٰثۃ ایّامٍ الّا رمزا

چہارم وحی التّقدیر کا ذکر

سورہ فصّلت آیہ ۱۲ میں ہوا ہے

و اوحیٰ فی السّماء امرھا یعنی قدّر فیھا

پنجم وحی الامر کا ذکر حسبِ ذیل مقامات میں ہوا ہے

سورہ مائدہ آیہ ۱۱۱

دوّم وحی الألهام ذکر شده است

در سوره قصص آیه ۷

واوحینا الیٰ امّ موسیٰ ان ارضعیه

و نحل ۶۸

و طٰه ۳۸

و انفال ۱۲

سیّم وحی الاشاره ذکر شده است

در سوره مریم آیه ۱۱

فخرج علی قومه من المحراب فاوحیٰ الیهم ان سبّحوا بکرةً وعشیّاً
یعنی اشار الیهم بدلیل اینکه قبل ازیں در ہمیں سوره آیه ۱۰
فرموده است

اٰیتك ان لّا تکلم النّاس ثلٰث لیالٍ سویّاً

و در سوره آل عمران آیه ۴۱

اٰیتك ان لّا تکلّم النّاس ثلٰثة ایامٍ اِلّا رمزا

چہارم وحی التّقدیر ذکر شده است

در سوره فصّلت آیه ۱۲

واوحی فی السّماء امرها یعنی قدّر فیها

پنجم وحی الأمر ذکر شده

در سوره مائده آیه ۱۱۱

و اذ اوحیتُ الی الحواریّین اَن اٰمِنُوا بی و برسولی

و زلزال آیہ ۵

ششم وحی الخیر کا ذکر

سورہ انبیاء آیہ ۷۳ میں ہوا ہے

وجعلنا منہم ائمّۃً یہدون بامرنا واوحینا الیہم فِعلَ الخیرات

ہفتم وحی الکذب کا ذکر

سورہ انعام آیۂ ۱۱۲ میں ہوا ہے

شیاطینَ الانسِ والجنِّ یوحی بعضُہم الی بعضٍ

ایضاً انعام ۱۲۱

معانی وحی اور اقسام مذکورہ میں سب سے اہم وحی النبوۃ ہے جو کہ ہمارا محل بحث ہے حقیقت لغت یا شریعت یا تشریع کی رو سے نہیں بلکہ حقیقت اور ماہیت کی حیثیت سے دوسرے مطالب میں حقیقت اور ماہیت اور کیفیت اُس کی بیان کرینگے

مطلب دوم

وحی النبوۃ کی حقیقت کے بیان میں

وحی دو قسم کی ہوتی ہے

اوّل وحی شہودی

دوم وحی انکشافی

قسم اوّل اس بیان میں کہ وحی شہودی کا ذکر محل مناسب علم

وَاِذْ اَوْحَیْتُ اِلَی الْحَوَارِیِّیْنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِیْ وَبِرَسُوْلِی
و در زلزال ۵

ششم وحی الخیر ذکر شده است

در سورهٔ انبیاء آیهٔ ۷۳
وجعلنا منهم ائمۃً یَهدُون بامرنا واوحینا الیهم فِعلَ الخیرات

هفتم وحی الکذب ذکر شده است

در سوره انعام آیهٔ ۱۱۲
شیاطینَ الأنسِ والجنِّ یوحی بعضُهم الی بعضٍ
ایضاً انعام ۱۲۲

اهم معانی واقسام مذکوره وحی النبوۃ می باشد که محل بحث ما است نه از حیثِ حقیقتِ لغویہ یا شرعیہ یا متشرعہ بلکه از حیثِ حقیقت و ماہیت

در مطلب دوم حقیقت و ماہیت وکیفیت آن را بیان خواهیم کرد

مطلب دوم

دربیان حقیقت وحی النبوۃ است

وحی بر دو قسم است
اوّل وحی شهودی
دوم وحی انکشافی

اما قسم اوّل پس میگوئیم دربیان آن که در محل مناسب از علم

کلام و فلسفہ الہیات میں ہم نے قطعیہ برہانوں سے معلوم کیا ہے
کہ زیادتی صفا اور فرط لطافت کی وجہ سے اور شدت نورانیت
اور کمال تجرد کے سبب سے نفس نبویہ مجردات عالیہ کے ساتھ
اتصال دائمی اور روح القدس کے ساتھ اتحاد کامل رکھتا ہے اور نہایت
کم اور مختصر علاقہ نفس موصوف کا بدن عنصری اور قلعہ یعنے جسم مادی کے
ساتھ جو تبلیغ رسالت کی ضرورت سے قوائے ظاہری اور باطنی کے
استعمال کے لئے ہے کسی وجہ سے حاجب اور مانع نہیں ہوتا چنانچہ
تمام پردے مادی بھی شدت صفائے نفس کے مقابل میں رکاوٹ
نہیں کرتے اس جہت سے نفس نبویہ جملہ صور مثالیہ کا اور نمونہ
ہائے نوریہ اور اجسام لطیفہ غیر مادی اور اشکال غیر ہیولانی اقسام ملائکہ
اور امناء وحی کا اور تمام مجردات برزخیہ کا جو کہ انبیاء اور اصفیا کے
دیکھنے کے قابل ہوتے ہیں مشاہدہ کرتا ہے اور یہ مشاہدہ عادت کے
طور پر اُن کی صورتوں کے حس مشترک میں باہر کی طرف سے حس بینائی
کے وسیلہ سے چھپ جانے کی وجہ سے ہوا کرتا ہے اور اسی طرح پر
ان کی آوازوں اور کلمات آیات اور احکام وغیرہ کو سنتا ہے۔ اسلئے کہ قوائے
ظاہری اور باطنی ہر ایک نفس کے قوت اور ضعف اور شدت اور صفا میں
اس نفس کے تابع اور مناسب ہوتے ہیں اور مطابق اس قول کے (النفس
فی وحدتہا کل القوی) کہ نفس اپنی وحدت میں قُویٰ کا کُل ہوتا ہے جملہ
قوٰی اور ظاہری اور باطنی راستے یعنی حواس خمسہ ظاہری اور باطنی نفس ناطقہ

کلام و در قسم آلہی از فلسفہ بہ براہین قطعیّہ معلوم نمودہ ایم کہ
بسبب زیادیِ صفا و فرطِ لطافت و شدت نورانیّت و کمال
تجرّد نفسِ نبویہ اتصالِ مستمر بمجرداتِ عالیہ و اتحادِ کامل بروح القدس
دارد و علاقہ بسیار قلیل و مختصرش ببدنِ عنصری وصیصیۂ مادی
کہ برائے ضرورت تبلیغ رسالت باستعمال قوای ظاہریّہ و
باطنیّہ است بہ ہیچ وجہ حاجب و عائقش نمیشود - چنانکہ سائر
حجب مادیّہ نیز در مقابل آں شدت صفایِ نفس حاجب
نیست - باین جہت نفس نبویّہ مشاہدہ میفرماید کلیہ صورِ
مثالیّہ و مُثُلِ نوریّہ و اجسامِ لطیفۂ غیر مادّیّہ و اشکال غیر ہیولانی
اصناف ملائکہ و امنای وحی - و سائر مجردات برزخیّہ را کہ قابل
مرئی شدن برائے انبیاء و اصفیاء میباشند و این مشاہدہ بطور
عادی بواسطۂ انطباعِ صورِ انہا در بنطاسیا (حسِّ مشترک)
از طریقِ خارج بواسطۂ حسِّ ابصاری میباشد - و ہم چنیں
میشنود اصوات و کلماتِ انہا را از آیات و احکام و غیرہا بجہتِ اینکہ
قوائے ظاہریّہ و باطنیّۂ ہر نفسی در قوّت و ضعف و شدّت و صفا
تابع و متناسب آں نفس می باشند و بمفاد (النفس فی وحدتہا
کلّ القوی) جمیع قوی و مشاعرِ ظاہریہ و باطنیّہ شئون نفس ناطقہ
میباشند پس مشاعر و قوایِ نفس نبویّہ کہ از شئون آں نفسِ
مقدّسہ میباشند با قوی و مشاعر سائر افراد بشر ہماں مقدار فرق

کے مدارج ہیں پس مشاعر اور قوائے نفس نبوی جو کہ مدارج اُس نفس مقدس کے ہیں تمام افراد بشر کے مشاعر اور قویٰ سے اسی مقدار میں فرق رکھتے ہیں کہ جتنا کہ نفس نبوی تمام نفوس بشر سے فرق رکھتا ہے لہذا وہ ان چیزوں کو دیکھتا اور سنتا ہے کہ جن کو دوسرے بشر نہیں دیکھتے اور نہیں سنتے ہیں اور بدیہی ہے کہ انبیاء کے اس قسم کے مشاہدے اور سماعتیں اجسام مادی کی رویت اور آوازوں کی اُن سماعتوں سے جو تموج ہوا کے قرع اور قلع سے پیدا ہوتی ہیں بدرجہا فوق العادہ قوی تر ہوا کرتے ہیں۔ کیونکہ تمام افراد بشر سے ادیات کے دیکھنے اور آوازوں کے سننے میں عالم مادیات میں بہت خطائیں واقع ہوتی ہیں جیسا کہ علم مرایا اور مناظر میں بیان کیا گیا ہے لیکن چونکہ انبیاء کے نفس کے قویٰ کی قوت کی شدت اور اُن کے نفس کے صفا کی زیادتی کے سبب سے اُن کا مشاہدۂ عین نفس حقائق بطور حقیقت کے واقع ہوتا ہے لہذا کسی وجہ سے اُن کے مشاہدے اور سماعت میں خطا ممکن نہ ہوگی یہ ایک قسم وحی کی ہے جو کہ وحی شہودی ہے اور اس میں دو صنف مندرج ہیں ایک آیات کہ لازم ہے کہ ان کے معانی محکمہ اصلی الفاظ بلیغہ میں جو ہم تک پہنچے ہیں تبلیغ کئے جائیں مثل قرآن مجید دوم وہ جو محض مقصود تبلیغ معانی اور احکام کا ہوتا ہے ہر معنی میں کافی اور وافی ہونا چاہئے اس کو سنت اور حدیث کہتے ہیں اگر کوئی صنف اول کو وحی قرآن یا وحی متلو اور صنف دوم کو وحی غیر متلو کہے تو ان اسموں سے موسوم کرنے میں نزاع نہیں ہے۔

دارد کہ نفس نبویّہ از نفوسِ سائر بشر فرق دارد لہذا می بیند و می شنود چیزیرا کہ دیگران نمی بینند و نمی شنوند۔ و بدیہی است کہ این نحو مشاہدۂ انبیاء و سماعِ ایشان بمراتب فوق العادہ اقوی تر از رؤیتِ اجسامِ مادّیّہ و سماعِ اصواتِ متکوّنہ بتموّجِ ہوا کہ حاصل از قرع یا قلع است میباشد زیرا کہ خطا براہی سائر افراد بشر در ابصارِ مادّیات و در سماعِ اصوات در عالمِ مادّہ بسیار واقع میشود چنانکہ در علم مرایا و مناظر بیان شدہ است لیکن در مشاہدہ و سماعِ انبیاء چون مشاہدۂ اعیان نفسِ حقایق بطورِ حقیقت واقع شدہ است بواسطہ شدّت قوّتِ قوٰی و فرطِ صفائی نفوس انہا پس ہیچ وجہ خطائے در انہا ممکن نخواہد شد این یک قسم وحی است کہ وحی شہودی است و در او دو صنف مندرج است یکے آیاتے کہ لازم است معانی محکمہ بعینِ الفاظِ بلیغہ کہ تلقّی شدہ است ابلیغ بشود مثل قرآن مجید دوم آنکہ عمدۂ مقصود تبلیغ معانی و احکام مے باشد بہر تعبیر کافی و وافی بودہ باشد آں را سنت و حدیث نامیدہ اند اگر کسے صنفِ اوّل را بوحی القرآن یا وحی متلو و صنف دوم را بوحی غیر متلو نامیدہ باشد در تسمیہ نزاعے نیست

لیکن قسم دوم وحی انکشافی ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ نفس نبوی پر عالم غیب میں اپنے استغراق کی وجہ سے اور کلیہ مجردات عالیہ اور عقول مجردہ اور جملہ عوالم جبروت اور ملکوت اعلےٰ اور ملکوت ادنیٰ اور دہر اور سرمد کے ساتھ اپنے دائمی اتصال کامل کے سبب سے اور ابداع اور اختراع اور الواح قدسیہ کے مراتب پر اپنے احاطہ کی جہت سے اور عقل فعال وغیرہ کے ذریعہ سے اُن عالموں کی پوشیدہ باتیں ظاہر ہوتی رہتی ہیں اور چونکہ یہ مجرّدات محض مشاہدہ اور عادۃً دیکھنے کے قابل نہیں ہیں پس یہ علوم جو ان سے ظاہر اور مستفاد ہوتے ہیں نفس نبی کے لئے مرایا میں ضوؤں کے انعکاس کی مانند حاصل ہوتے ہیں۔ لہذا نبی کے اس قسم کے علوم اور اس کے معلومات غیبی اپنے حصول میں جملہ قویٰ سے مستغنی ہوتے ہیں اور ان کا انعکاس آلات مادی میں اور انطباع قوای نفسانی میں مثل پردہ جلیدی اور حس مشترک اور خیال وغیرہ کے یہانتک کہ راہ داخل سے جیسا کہ فلاسفہ کہتے ہیں ہرگز ممکن نہیں ہے اس لئے کہ حس مشترک میں انتقاش اور انطباع جو مانند آئینۂ دو رویہ کے ہے فقط طرفِ داخل سے اُن امور میں ممکن ہے کہ خیال اور وہم جنمیں کوئی دخل رکھتے ہوں کہ قوت خیال اور شدت واہمہ کیوجہ سے داخل کی راہ سے حس مشترک میں منتقش اور منطبع ہوجاتا ہے اور حالت مشاہدہ حاصل ہوتی ہے جیسا کہ مُبرسمین (*Pleuratic*) النہاب یعنے درم الریہ کہ جس سے ہذیان ہوتا ہے) یعنے برسام کے بیماروں اور مجنونوں اور بعض ریاضت صوفیہ

اما قسم دوم - وحی انکشافی است و حقیقت آں اینست که
نفسِ نبویہ بسبب استغراقش در عالمِ غیب و اتصال مستمرِ کاملش
بکلیہ مجردات عالیہ و عقولِ مجردہ و سائیر عوالم جبروت و ملکوتِ اعلےٰ
و ملکوتِ ادنےٰ و دہر و سرمد و احاطہ اش بمراتب ابداع و اختراع
و الواح قدسیہ - مطالبِ غیبیہ از آنعوالم و از عقل فعال وغیرہ
براے او مکشوف میشود - و چوں ایں مجردات محضہ قابلِ مشاہدۂ
و ابصارِ عادی نیستند پس ایں علوم منکشفہ و مستفادہ از ایشاں
برائے نفس نبویہ نظیر انعکاسِ اضواء در مرایا حاصل میشود لہذا
ایں نحو از علوم نبویہ و معلومات غیبیہ اش در حصولش مستغنی میباشد
از کلیۂ قوٰی و اصلاً امکان ندارد انعکاس انہا در آلاتِ مادیہ و
انطباعش در قوای نفسانیہ از قبیل جلیدیہ و بنطاسیا (حس
مشترک) و خیال وغیرہ حتی از طریق داخل چنانکہ بعض فلاسفہ گفتہ اند
زیرا کہ انتقاش و انطباع در حس مشترک کہ مانند آئینہ ذو وجہین است
از طریق داخل فقط در اموری ممکن است کہ خیال و وہم مدخلیتے
در انہا داشتہ باشند کہ بسبب قوت خیال و شدت واہمہ از راہ
داخل در بنطاسیا (حس مشترک) منقش و منطبع میگردد و
حالت مشاہدہ حاصل میگردد چنانکہ در مُبرسمین و مجانین و بعض
مرتاضین از اصحابِ شطحیات پیدا میشود لیکن چوں علوم نبویہ
مذکورہ صرف انکشافِ حقایقِ واقعیہ باعیانہا از روی حقیقت و

کرنے والے اہل شطحیات و مجذوب میں ظاہر ہوتا ہے لیکن
چونکہ علوم نبوی مذکورہ صرف حقائق واقعیہ کا انکشاف ہے جو اپنی اصلیت کے ساتھ
از روئے حقیقت وواقعیت مقام مجردات محضہ سے بذریعہ انعکاس حقیقی کے
نفس نبویہ میں حاصل ہوتا ہے اور اصل میں قوۃ وہم اور قوۃ خیال کو
اس کے حاصل کرنے میں کوئی دخل نہیں ہوتا پس ان کی صور کا
انطباع حس مشترک میں ممکن نہ ہوگا اس بیان مختصر سے اس کا بطلان
ہوگیا جو کہ بعض بزرگان فلاسفہ اور صوفیہ نے موضوع وحی کے بارہ
میں کہا ہے اور آدمیوں کو گمراہی میں ڈالا ہے بیان فلاسفہ کا خلاصہ
یہ ہے چونکہ حس مشترک آئینہ دو روکی مثل ہے روی داخلی اور روی خارجی
رکھتا ہے پس انطباع صورتوں کا داخل کے راستہ سے بھی ہونا ممکن ہے
جیسا کہ باہر کے راستہ سے۔ اور چونکہ حقیقت دیکھنے اور مشاہدہ کی وہی صورت
کا حس مشترک میں چھپ جانا ہوتا ہے اگرچہ اندر کی طرف سے کیوں نہ ہو اور یہ
شرط نہیں ہے کہ خارج سے ہی ہو کیونکہ مشاہَد بالذات وہی
صورت منطبع حس مشترک میں ہوتی ہے۔ اور صاحب اس صورت کا جو باہر ہے
اور مادی ہے وہ مشہود بالعرض ہے پس نفوس نورانیہ انبیاء کمی علائق جسمیہ کے
سبب سے اور مادی رکاوٹوں کی وجہ سے اور جوانب متجاذبہ یکطرف مبادی عالیہ
کے ساتھ انکے گھیر لینے کی جہت سے اتصال رکھتے ہیں اور جو کچھ اس اتصال کے سبب
سے عالم غیب سے بصورت کلیہ اخذ کرتے ہیں قوۃ خیال جس میں محاکات یعنی نقالی
طبعی ہوتی ہے اس صورت کلیہ کو خود خیال میں بصورت جزئیہ منطبع کرتی ہے اور

واقعیّت از ناحیہ مجرّداتِ محضہ با نعکاس حقیقی در نفس نبویّہ حاصل
میباشد و اصلاً قوہ وہم و قوۂ خیال را درحصول آں مدخلیتے
نیست پس انطباعِ صوَرانہا درحس مشترک ممکن نخواہد بود۔
ازیں بیان مختصر معلوم شد بطلانِ انچہ بعضِ بزرگانِ فلاسفہ و
صوفیہ درموضوع وحی گفتہ اند و مردم را بضلالت انداختہ اند
ملخّصِ مقالۂ فلاسفہ اینست چوں حسّ مشترک مانند آئینۂ دو
رو وجہ داخلے وجہے خارجی دارد پس انطباعِ صورتہا دراں از
طریق داخل نیز ممکن است مثل طریق خارج وچوں حقیقتِ
ابصار و مشاہدۂ ہماں انطباعِ صورت درحسِّ مشترک میباشد
اگرچہ از طریق داخل بودہ باشد و شرط نیست از طریق خارج
بودہ باشد زیراکہ مشاہَدِ بالذات ہماں صورت منطبع درحسّ
مشترک است وصاحِب آں صورت کہ درخارج و مادّی
میباشد مشہودِ بالعرض است پس نفوس نورانیۂ انبیاء بجہتہ
قلّتِ علائقِ جسمیہ وحواجز مادّیہ وبسببِ احاطہ آنہا بجوانبِ
متجاذبہ اتّصال بمبادی عالیہ دارند انچہ بسبب ایں اتّصال
از عالمِ غیب بصورتِ کلیّہ اخذ می نمایند قوۂ خیال کہ محاکات
درا و طبیعی میباشد آنصورتِ کلیّہ را درخودِ خیال بصورت جزئیہ
منطبع می نماید و بہ حسّ مشترک منتقل می نماید پس محسوس ومشہو
میشود زیراکہ حقیقت احساس ومشاہدہ انتقاش وانطباعِ

حسّ مشترک کی طرف منتقل کرتی ہے پھر محسوس اور مشہود ہو جاتی ہے کیونکہ احساس کی حقیقت اور انتقاش کا مشاہدہ صورت کا حسّ مشترک میں طبع ہو جانا ہوا کرتا ہے خواہ بطور صعود عالم مادہ سے بذریعہ حسّ نظر ظاہری کے ہو یا بطور نزول عالم نفس سے خیال اور حسّ مشترک کے ساتھ اندر کے راستہ سے ہو اور یہی حال آوازوں کے سننے کا ہے۔ فلاسفہ نے اس کا نام وحی صریح رکھا ہے یعنی وحی کو برسام کے بیماروں کے اوہام کے شبیہہ توہم کیا ہے اور یہ عقیدہ باطل ہے چنانچہ اس کے باطل ہونے کے سبب کی طرف ہم نے اشارہ کر دیا ہے اور کہہ دیا ہے کہ اصل میں قوۃ خیال اور واہمہ کو وحی انکشافی بالاتصال میں جو کہ بے واسطہ حاصل ہوتی ہے کوئی دخل نہیں ہے اور عالم نفس میں قوت خیال کی نقالی اُن افعال پر منحصر ہے جو کہ نفس تصورات اور اذعانات جزئی اور فقط افراد پر تطبیق کلی سے ایجاد کرتا ہے اور اس مقام میں یہ ممکن نہیں ہے اور وحی شہودی میں خارج کے راستہ سے صور کا نقش اور آوازیں حس مشترک میں حاصل ہوتی ہیں طریق داخل سے نہیں جیسا کہ ہم نے مفصل بیان کر دیا ہے۔

فلاسفروں نے چونکہ یہ کلیہ تسلیم کر لیا ہے کہ واحد سے صرف واحد شئے نکل سکتی ہے اور اسی قاعدہ کے ماتحت اور حادث کا رابطہ قدیم کے ساتھ قائم کرنے کو عقول عشرہ مجردہ کو ثابت کیا ہے اور ان کا نام عقول طولیہ رکھا ہے کیونکہ ہر عقل سابق کو عقل لاحق کی علت مانا ہے اور عقل عاشر کو جس کا نام عقل فعّال رکھا ہے تمام عالم تکوینی کا مدبر سمجھا ہے

صورت در حسّ مشترک بیا باشد خواه بطور صعود از عالمِ مادّہ بواسطۂ حسّ ابصاری ظاہری بودہ باشد وخواہ بطورِ تنزّل از عالمِ نفس بہ خیال وحسِّ مشترک از طریقِ داخل باشد وہمچنیں است حالِ سماعِ اصوات فلاسفہ ایں را وحی صریح نامیدہ اند یعنی وحی را شبیہہ اوہامِ مُبَرسَمین توہم نمودہ اند و ایں عقیدۂ باطل است چنانچہ بسببِ بطلان آن اشارہ نمودیم وگفتیم کہ اصلاً قوۂ خیال وواہمہ را در وحیِ انکشافی بالاتصال کہ بے واسطہ تلقی میشود، ہیچ مدخلیتے نمی باشد ومحاکاتِ قوۂ خیال در عالمِ نفس منحصر است بافعالِ ایجادیۂ نفس از تصوّرات و اوعاناتِ جزئیہ وتطبیق کلی بر افرادش فقط۔ و در ایں مقام ممکن نیست و در وحی شہودی از طریقِ خارج انطباعِ صِوَر و اصوات در حسِ مشترک حاصل میگردد نہ از طریقِ داخل بہ تفصیلیکہ بیان نمودیم۔

فلاسفہ چوں قاعدۂ (الواحد لا یصدرُ منہٗ الّا الواحد) را مسلّم دانستہ اند وبحکم ہمیں قاعدہ وبرائے ربطِ حادث بقدیم عقولِ عشرۂ مجرّدہ اثبات نمودہ اند انہا را عقولِ طولیّہ نامیدہ اند بجہتِ اینکہ ہر عقلِ سابق را علتِ وجودِ عقلِ لاحق تصور نمودہ اند وعقلِ عاشر را کہ عقلِ فعّال نامیدہ اند مدبّرِ کلیۂ عالمِ تکوین دانستہ اند

اپنے اس اصول کی بنا پر وحی کو بھی عقل فعّال سے مأخوذ ہونے پر منحصر سمجھا ہے اور یوں کہا ہے کہ جبرئیل لسان شارع میں عقل فعّال سے مراد ہے اور عقل فعّال جو مجرد صرف ہے مشاہدے کے اور قوای نفسانیہ میں انطباع کے قابل کسی وجہ سے بھی نہیں ہوتی اس لئے فلاسفر مجبور ہو گئے ہیں اور کہتے ہیں کہ جبرئیل یعنی عقل فعّال کا مشاہدہ واحساس خیال کے ذریعہ سے انطباع داخلی کے طریق سے حاصل ہوتا ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ اولاً ہم وجود مجردات صرف اور مجردات مثالیہ کے معتقد ہیں لیکن عقول عشرہ کی تعداد اور ان کے ہر سابق کا ہر لاحق کے لئے علت ہونا اور عقل عاشر (عقل فعّال) کا کل عالم تکوین کا مدبر ہونا یہ تمام دعاوی بلا دلیل ہیں چنانچہ علم فلسفہ میں ہم نے تفصیلاً ثابت کیا ہے۔

ثانیاً جبرئیل کا لسان شارع میں عقل فعّال سے تعبیر کرنا دعوی بلا دلیل ہے کوئی دلیل عقلی یا دلیل نقلی اس کے متعلق نہیں ہے بلکہ عقل اور شرع کی رو سے اُس کے خلاف ثابت ہوتا ہے۔

سورہ والنجم آیات ۱۳ و ۱۷ و ۱۸ ملاحظہ ہوں۔

ثالثاً وحی کو ایک قسم میں منحصر جاننا بھی اور ماخوذ از مجردات جاننا بے وجہ ہے جیسا کہ ہمارے بیانات سے معلوم ہوا کہ وحی شہودی ایک دوسری علیحدہ قسم ہے۔

بنا بر این اصول خود شان وحی را نیز منحصر بمأخوذ از عقلِ فعّال دانسته اند و گفته اند که جبرئیل در لسان شارع عبارت از عقلِ فعّال می باشد و عقلِ فعّال مجرد صرف است قابل مشاهده و انطباع در قوایِ نفسانیه بهیچوجه نمی باشد لهذا مجبور شده گفته اند که مشاهدهٔ و احساسِ جبرئیل یعنی عقل فعّال بواسطه خیال بطریقِ انطباع داخلے حاصل شده است۔

مامیگوئیم۔ اولاً ما معتقد بوجود مجرّداتِ صرفه و مجرّدات مثالیه می باشیم لیکن اعداد عقولِ عشره و علّیتِ ہر سابق آنها برا ے لاحق و مدبر بودنِ عقلِ عاشر (عقلِ فعّال) برا ے کلّ عالمِ تکوین ہمه وعادی بدون دلیل می باشند چنانچه در علم فلسفه تفصیلاً اثبات نموده ایم۔

ثانیاً عبارت بودن جبرئیل در لسانِ شارع از عقل فعّال نیز ادعا ے بدونِ دلیل است۔ دلیل عقلے و نقلے باینمعنی نیست بلکه از عقل و شرع خلاف اینمعنی ثابت شده است در سوره (والنجم) آیات ۱۳ و ۱۷ و ۱۸ ملاحظه شود

ثالثاً منحصر دانستن وحی بیک قسم و مأخوذ از مجرّدات بے وجه است چنانکه در بیانات ما معلوم شد که وحی شہودی قسم دیگرے است علیحده۔

بیان الہام

الہام چار قسم کا ہے

اوّل الہام فطری ہے کہ تکوین کی شان سے ہے مثل اس کے کہ باری تعالےٰ نے عقل فطری کے ساتھ نفس ناطقہ کے واسطے الہام خیر اور شر اور فجور اور تقویٰ فرمایا ہے مثل سورۂ والشمس آیہ ۸ اور مثل الہام وحی نحل کہ سابقاً ذکر ہوا (ص۵)

دوم الہام حدسی ہے چوں کہ نفوس بشری حقائق کے دریافت کرنے کے لئے اور علوم نظریہ کے مبادی عالیہ حاصل کرنے کے لئے قوہ خیال اور فکر اور ترتیب مقدمات اور حدود وسطیٰ اور تنظیم ادلّہ اور براہین اِنّیہ اور لِمّیہ کے محتاج ہیں تا کہ ان کے نتائج کو پہنچیں لیکن اذکیا کو کبھی حدس کے طریقہ سے نتیجہ اور حد اوسط دفعتہً حاصل ہو جاتے ہیں جس میں دیر نہیں لگتی یہ الہام حدسی ہے۔

سوم الہام خطوری ہے۔ تمام آدمیوں کو خطور افعال ضروری ہے اور خطور (دل میں ایک بات کا آنا) صدور کلیہ افعال بشر کا مبدا ہوتا ہے فائدۂ فعل و ملائمت (پسندیدگی) یا منافرت کا تصور دل میں فعل کے خیال آنے کے بعد حاصل ہوتا ہے اور شوق کے تاکد سے عزم حاصل ہوتا ہے اور قوۃ عزم (ارادہ) سے جزم (استقلال) حاصل ہوتا ہے بعد اس کے عضلات میں اجراے حرکت ہوتا ہے۔

چہارم الہام نبوۃ ہے اور یہی اصلی مقصود ہماری بحث کا ہے

بیانِ الہام

الہام چہار قسم است

اوّل - الہام فطری است کہ از شئونِ تکوینیہ است مثل اینکہ باری تعالے بخلقتِ عقلِ فطری برائے نفس ناطقہ الہام خیروشر و فجور و تقوےٰ فرمودہ است سورہ والشمس آیہ ۸ ومثل الہام وحی نحل کہ سابقاً ذکر شد -

دوم - الہام حدسی است چوں نفوس بشریہ برائے استکشافِ حقایق و استفاضہ علومِ نظریہ از مبادی عالیہ محتاج می باشند بقوۂ خیال و بفکر و ترتیبِ مقدمات و حدود وسطی وتنظیم ادلہ و براہینِ اِنّیہ و لمّیّہ تا اینکہ بہ نتائج انہا برسند لکن اذکیاء را گاہے بطریقِ حدس نتیجہ و حدِّ وسط دفعتاً حاصل میشود باسرع وقت ایں است الہام حدسی -

سیّم الہام خطوری است برائے ہمہ بشر خطورِ افعال ضروری است و مبداء صدور کلیہ افعال بشر می باشد بعد از خطور تصوّر فائدۂ فعل و ملائمت یا منافرتش میشود و ازاں تصوّر فائدۂ ملائمت شوق حاصل میگردد و از تاکدِ شوق عزم حاصل میشود و از قوّتِ عزم جزم پیدا میشود بعد ازاں انبعاث عضلات میشود فعل حاصل گردد -

چہارم - الہام النّبوّۃ است کہ عمدۂ مقصود ما اینست

اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔

اوّل الہام نتائج   دوم الہام مبادی

اوّل یہ ہے کہ انبیاء کے نفوس شریفہ قوت اور شدت صفا اور ضیاء فطری کے سبب سے مرتبہ یکاد زیتہا یضیٔ ولو لم تمسسہ نار (عنقریب ہے کہ آگ روشن ہو جائے اس کا تیل اگرچہ آگ نے نہ چھوا ہو) بلکہ اس سے بھی بالاتر ہوتے ہیں اور قوۂ خیال کی آتش فکر سے اتصال کی حاجت نہیں رکھتے لہذا نفوس نبویہ کو دفعتاً نتائج نظریہ کی برانگیختگی اور علوم حقیقیہ اور معلومات واقعیہ بلا حجاب اور تردید کے اور بطور عین الیقین اور ہر خطا اور خلاف سے محفوظ اور بلا توسط ملک یا مشاہدہ حاصل ہوتے ہیں

دوم الہام مبادی یہ ہے کہ (بموجب ہر شخص اپنے طریق پر کام کرتا ہے) تمام خطورات قلبی بشر فطرت کے اثر اور طینت کے قطرے اور ملکات مکتسبہ کے پھل ہوتے ہیں اور ہر خطور فقط صدور فعل کا مقتضی ہوتا ہے لیکن علت تامہ نہیں ہوتا اس لئے کوئی اعتراض اخیار اور احادیث طینت پر نہیں ہوتا۔

پس نفس نبویہ کے خطورات جو کہ اس نفس مقدسہ کے قطرات ہوتے ہیں اور ملکات حاصلہ تعلیم گاہ وعلمک ما لم تکن تعلم سے پیدا ہوتے ہیں اور اخلاق سامیہ کے ثمر انک لعلی خلق عظیم سے تمام تر جماعت بشری کی صلاح کے مبادی اور سعادت عمومی کے موجب دونوں جہاں میں ہوتے ہیں۔

و آں بر دو قسم است

اوّل الہام نتائج   دوم الہام مبادی

اوّل اینست کہ نفوس شریفہ انبیاء از حیث قوت و شدت صفا و ضیاء فطری در مرتبہ یکاد زیتہا یضئی ولو لم تمسسہ نار بلکہ بالا تر ازاں می باشند و حاجتے بمساس نار فکری از قوۂ خیال ندارند - لہذا دفعتاً انبعاث نتائج نظریہ و علوم حقیقیّہ و معلومات واقعیّہ بدون حجاب و تردید بطور عین الیقین مأمون از ہر خطا و خلافے در نفوس نبویّہ حاصل میشود بدون توسط ملک یا مشاہدہ -

دوم اینست کہ چوں بمفاد (کلٌّ یعمل علی شاکلتہ) کلیۂ خطورات قلبیۂ بشر اثرات فطرت و رشحات طینت و یا ثمرات ملکات مکتسبہ میباشد و ہر خطورے فقط مقتضی است برائے صدورِ فعل علتِ تامّہ نیست بایں سبب ہیچ اعتراضے بر اخبار و احادیثِ طینت متوجہ نمیشود -

پس خطوراتِ نفسِ نبویّہ کہ از رشحاتِ آں نفس مقدسہ است و از ملکاتِ حاصلہ از مدرس و علّمک ما لم تکن تعلم ناشی میشود و ثمرۂ اخلاقِ سامیہ انک لعلی خلق عظیم می باشد بالکلیہ مبادی صلاح مجتمع بشری و موجب سعادت عمومی است در ہر دو نشأہ

یہ الہام مبادی ہے۔ دونوں قسم کے الہام النّبوّہ کے فرق
مع دونوں قسم وحی النّبوّہ کے واضح ہیں ؛

مطلب ستّم

مدعی وحی اور مدعی نبوت کے قول کی صحت کی میزان چند امور
کا جمع ہونا ہے۔

اوّل یہ کہ وہ مدعی کلیتہً اوصاف حمیدہ اور خصائل محمودہ اور
کل مکارم سامیہ مثل شرف نسب و اعلمیّت و عصمت و اعقلیت
و شجاعت سے متصف ہو اور نفرت دلانے والے عیوب سے خَلقاً
اور خُلقاً اور اصلاً اور فرعاً مبرّا ہو اور امور قبیحہ کا مرتکب نہ ہوتا ہو۔

دوم یہ کہ نبی مسلم النّبوت نے اس مدعی نبوت کی نبوۃ کی تکذیب
نہ خصوصی طور پر نہ عمومی طور پر مثل لا نبی بعدی نہ فرمائی ہو کیونکہ
اس صورت میں عقل فطری اُس مدعی کے کذب پر حکم لگاتی
ہے۔

سیّم یہ کہ اس مدعی کے تعالیم احکام عقلیہ مستقل کے منافی
اور مخالف نہ ہوں مثل شرک تعدّدِ الٰہ اور عبادات غیر خدا سے تعالےٰ
ہم اس لئے بعض کتب مقدسہ کو جو اس قسم کی تعلیم مخالفہ پر
مشتمل ہیں تحریف شدہ سمجھتے ہیں۔

چہارم یہ کہ معجزہ اور خارق عادات دکھلائے یعنے خدا تعالےٰ
اُس کے ہاتھ سے خارق عادات ظاہر فرمائے۔ یہاں تک کہ

انیست الہام مبادی فرق ہر دو قسم الہام النّبوّہ یا ہر دو قسم وحی النّبوّہ واضح است ۔

مطلب سیّم

میزانِ صحّتِ قول مدعیِ وحی و نبوت اجتماعِ اموری است ۔

اوّل آنکہ باید متصف بودہ باشد بکلیّۃ اوصاف حمیدہ خصائلِ محمودہ و جمیع مکارمِ سامیہ۔ مثلِ شرف نسب و علمیّت و عصمت و اعقلیّت و شجاعت و مبرّاء باشد از عیوبِ منفرّہ خلقاً و خُلقاً و اصلاً و فرعاً و فاعلِ امور قبیحہ نباشد۔

دوّم ۔ آنکہ نبیِّ مسلّم النّبوّۃ تکذیب نفرمودہ باشد نبوّتِ آں مدعی نبوّۃ را نہ بعنوانِ خصوصی و نہ بعنوان عمومی مثل لا نبیّ بعدی زیرا کہ در ایں صورت عقل فطری حکم بکذبِ آں مدّعی خواہد کرد ۔

سیّم آنکہ تعالیم آں مدّعی منافی و مخالف با مستقلّاتِ احکامِ عقلیّہ نبودہ باشد مثل شرک، تعدد آلہ، و عبادتِ غیر خدائے تعالےٰ ما ازیں جہۃ بعضِ کتب مقدّسہ مشتمل بایں قبیل تعالیم مخالفہ را تحریف شدہ میدانیم ۔

چہارم آنکہ باید اظہارِ معجزہ و خارقِ عادت بنماید یعنے خدائے تعالےٰ بدستِ او خارق عادات اظہار بفرماید تا اینکہ

اُس کا لاجواب ہونا اور اُس کی مغلوبیت لازم نہ آئے ۔

لہٰذا قرآن مجید میں معجزات اور خوارق عادات انبیاء کو ثابت فرمایا ہے جیسے ید بیضا فرق بحر قلب عصا باژدھا اور مردوں کو جلانا اور اندھے اور مبروص کو تندرست کرنا اور سخت پتھر سے ناقہ کا نکالنا وغیرہ اور چونکہ رسول اکرمؐ نصّ قرآن مجید سے اشرف اور اعظم انبیا ہیں ۔ پس البتہ آپ کا معجزہ بھی اشرف اور اعظم معجزات مذکورہ تمام انبیاء سے ہوگا اور یہی آپ کے معجزہ عظمیٰ کے ثبوت میں مجملاً کافی ہے اگرچہ اِن کی تفصیل اور تعیین کا ہم ذکر نہیں کرتے کیونکہ یہ بات معقول نہیں ہے کہ کلام الٰہی میں تمام معجزات دوسرے نبیوں کیلئے ثابت کریں اور خود جو اشرف انبیا ہو ان کے معجزوں کی نظیر ظاہر نہ فرمائی ہو بلکہ اُنکے معجزات میں سے سب سے بڑا معجزہ نہ رکھتا ہو۔ ہاں جس وقت کوئی شخص معجزہ نہ رکھتا ہو وہ دوسرے انبیاء کے معجزوں سے انکار کرتا ہے تاکہ یہ دعوے کر سکے کہ نبی بلا معجزہ ہے جیسے مذاہب باطلہ کے بانی مثل فرقہ گمراہ بھائی اور مثل ان کے اور اگر بعض ان کے پیرو مدت کے بعد یہ سمجھتے ہیں کہ بنیاد نبوت کی بلا معجزہ غلط ہے تو لوگوں کو غافل کرنے کے لئے نفوذ اور ترقی کو معجزہ قرار دیتے ہیں اور نہیں سمجھتے ہیں کہ ثابت کرنا خاص ملزوم کا اعمّ لازم کے ذریعہ سے ظاہر ترین مغالطہ ہے اور یہ غلط قبیح تر اور افضح تر اس کے ماننے والوں کی غلط کاری سے ہوتا ہے ۔

افحام و مغلوبیّت او لازم نیاید ۔

لہٰذا در قرآن مجید برائے انبیاء معجزات و خوارقِ عادات اثبات فرمودہ است از قبیلِ یدِ بیضاء و فرقِ بحر و قلبِ عصا باژدہا و احیاءِ موتی و ابراءِ اکمہ و ابرص و اخراجِ ناقہ از صخرۂ صمّاء و امثالِ اینہا و چوں رسولِ اکرمؐ بنصِ قرآن مجید اشرف و اعظم و خاتم انبیاء می باشد پس البتہ معجزہ اش نیز اشرف و اعظم از معجزاتِ مذکورۂ سائر انبیاء می باشد و ہمیں در ثبوتِ معجزۂ عظمایش اجمالاً کافی است اگرچہ تفصیل و تعیینِ انہا را ذکر ننمائیم زیرا کہ معقول نیست در کلام آلہی ان ہمہ معجزات برائے دیگر انبیاء اثبات نماید و خودش کہ اشرف و اعظم از ہمہ انہا بودہ باشد نظیرِ معجزۂ انہا را اظہار نفرمودہ باشد بلکہ اعظم از معجزاتِ انہا نداشتہ باشد ۔ بلے ہرگاہ کسی معجزہ نداشتہ باشد معجزات انبیاء را نیز انکار بنماید تا بتواند ادّعا کند کہ نبیّ بلا معجزہ است مثل ہوستانِ مذاہبِ باطلہ از قبیلِ فرقہ ضالّہ بہائیہ و امثالِ انہا و اگر بعض اتباع انہا بعد از مدتے فہمیدہ است کہ اساس نبوت بدون معجزہ غلط است برائے اغفال عوام الناس نفوذ و پیش رفت را معجزہ قرار دادہ است نفہمیدہ است کہ اثبات ملزوم اخص بلازم اعمّ از اوضح مغالطات است و این غلط اشنع و افضح از غلط متنبوعش میباشد

قرآن مجید اپنی بلاغت اور فصاحت اور مضامین کے اعتبار سے اعلیٰ ترین معجزہ ہے کہ اس خداشناس اور مصلح اعظم دینی اور مخبر حالات غیب خاتم انبیاء صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے مقام مقابلہ میں پیش کیا ہے اور اُس کی دعوت برخلاف دینوں اور اخلاقوں اور عادتوں اور ریاستوں اور سلطنتوں اور ہواہائے نفس اُن آدمیوں کے رہی ہے اور اُن فصیحان عالم سے جو کہ فصاحت میں مخصوص تھے اور بلاغت میں بڑھے ہوئے تھے اور اہل زبان اور صاحبان علم کامل اور صاحبان سلطنت اور صولت اور اقتدار اور ثروت تھے صرف اسی قدر پر قناعت کی کہ ایک سورہ نظیر قرآن کا لادیں تاکہ آپ اپنے دعویٰ سے دست بردار ہو جائیں فصحا نہیں لا سکے اور عاجز ہو گئے اور مارے جانے کو اور عیال و اطفال کے قید ہونے کو اور دولتمندی اور سلطنت اور اپنے عقاید کے مضمحل ہونے کو قبول کیا اور ایک سورہ مثل قرآن کے پیش نہ کر سکے تاکہ محفوظ رہتے پس یہی انکی عاجزی اعجاز قرآن شریف کے ثبوت میں دلیل بزرگ ہے۔ ہاں وہ لوگ جو اہل لسان اور عالمان کامل تھے سمجھ گئے اور جان گئے کہ یہ فصاحت اور بلاغت حد طاقت بشر سے خارج ہے وہ لوگ غیر اہل زبان مستشرقین یوروپ اور تمام ممالک کے عربی دانوں کی مانند نہ تھے کہ بغیر سمجھے ہوئے الفاظ کی ملمع کاری خوبی عبارات ترتیب کلمات کو فصاحت اور بلاغت تصور کرتے ہیں اور بلا سمجھے ہوئے اعتراض کرتے ہیں شعر نہیں جیتر کی جا قرآن سے گر بہرہ نہ ہوانکو تو سوج ہے

قرآن مجید در بلاغت و فصاحت و محتویاتش اعلےٰ ترین معجزات میباشد که ان عارفِ الٰہی و مصلحِ اعظم دینی و اجتماعی و مخبرِ از مغیبات خاتم انبیاء صلے اللہ علیہ والہ وسلّم در مقام تحدّی آورده است و دعوتش بر ضد ادیان و اخلاق و عادات و ریاست و سلطنت و اہواء ان مردم بوده است و ازاں فصحاےِ عالم که متخصِّص در فصاحت و بارع در بلاغت و اہل لسان و خبُره و صاحبان سلطنت وصولت و اقتدار و ثروت بودند ہمیں قدر قانع شد که یک سوره نظیرِ قرآن را بیاورند تا اینکه از دعوایِ خودش دست بر دارد ال فصحاء نتوانستند و عاجز شدند و حاضر شدند بکشته شدن و اسارتِ عیال و اولاد و اضمحلالِ ثروت و سلطنت و عقائد شان و نتوانستند یک سوره نظیر قرآن را بیاورند تا محفوظ بمانند ہمیں عجز ایشان برہانِ بزرگے میباشد براے اثباتِ اعجازِ قرآنِ شریف بلکے انان که اہل لسان و خبره بودند فہمیدند و شناختند فصاحت و بلاغتِ خارج از حد طاقت بشر را انہا مانند غیر اہلِ لسان از مستشرقین او روپا و متعربین سائر ممالک نه بودند که نفہمیده تزویقِ الفاظ و تحسین عبارات و تنسیق کلمات را فصاحت و بلاغت پندارند نفہمیده اعتراضات نمایند شعر عجب نبود گر از قرآن نصیبش نیست جز حرفی - که از خورشید

سوداگری کے اندھا کچھ نہیں پاتا۔ وہ عرب کے لوگ تو فصاحت اور
بلاغت کے میدان کے شہسوار اور سبعہ معلقہ سی نظموں کے لکھنے
والے تھے وہ سمجھ گئے تھے کہ اس طرح کی استقامت مسلک اور
روانی بیان اور مطابقت مقتضیات احوال کے ساتھ طرح طرح
کے حقایق اور فنون معارف اور قسم قسم کے علوم اور امور غیب کے متعلق
قرآن مجید کے بلند مضامین ہیں کہ ممکن نہیں ہے کہ انسان ایک آیہ
کی بھی نظیر لا سکے۔ غزل حماست (بہادری) توصیف زنان
مدح تشبیب نہ تھی تاکہ خیال فصحائے عرب اس درجہ تک پہنچنے
اس وجہ سے وہ مقام حیرت اور خوف میں کھڑے رہ گئے شدت مبہوتی
سے اور اس کی خارقیت سے سحر کہنے لگے اور بعدہ مان گئے جس
طرح پر فرعون کے جادوگر جو بڑے بڑے کامل تھے اعجاز کلیم اللہ
کو دیکھ کر مبہوت اور متحیر ہو گئے۔ ہاں اہل لسان اور کاملین علم
سمجھ گئے اور مبہوت ہو گئے جس وقت انہوں نے دیکھا کہ انہیں
۲۸ حرفوں میں سے اور انہیں کلمات رائجہ اور مرکبہ حروف میں
سے قدرت خداوندی نے ایک ترکیب اور تالیف ایجاد کی ہے
بشر کو قوت اس کے مقابلہ کی نہیں ہے لہذا عاجز رہے اگر ایک
آیت بھی اس کے مقابل کہتے تو تاریخ میں لکھا ہوتا۔

یہ نبی اعظم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم صاحب معجزات عظمیٰ تعالیم
اور قوانین اور احکام حضرت ربّ العزّت جلّت عظمتہ،

جز گرمی نہ بیند چشم نابینا۔ انہا شاہسواران میدانِ فصاحت و بلاغت و انشاء کنندگانِ امثالِ معلقات سبعہ بودند دانستند کہ در موضوعاتِ سامیۂ موجودہ در قرآن شریف از انحاءِ حقایق وفنونِ معارف و انواعِ علوم و مغیبات باان نحو استنفامتِ مسلک و اطرادِ مجری و مطابقتِ مقتضیاتِ احوال برائے بشر یک آیہ ممکن نیست بتواند نظیران را بگوید غزل وحماست ونسیب و مدح وتشبیب نہ بود تاکہ خیالات فصحائے عرب باندرجہ برسد۔ بایں جہت انہا درموقفِ حیرت و دہشت ایستادند از شدت مبہوتی از خار فتیش سحرش نامیدند بعد تسلیم شدند چنانکہ سحرۂ فرعون چوں اہل خُبرہ بودند از مشاہدۂ اعجازِ کلیم اللہ مبہوت و متحیّر شدند۔ بلے اہل لسان و اہلِ خبرہ فہمیدند و مبہوت شدند وفہمیدند کہ از ہمیں حروف بیست وہشتگانہ و از ہمیں کلمات مألوفہ و مؤتلفہ ازاں حروف قدرت خداوندی ترکیبے و تألیفے ایجاد نمودہ است لبشر را قوۂ معارضہ ان نیست۔ لذا عاجز ماندند اگر یک آیہ در معارضہ گفتہ بودند تاریخ ان را ضبط میکرد۔

ایں نبی اعظم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم صاحب معجزاتِ عظمیٰ تعالیم و قوانین و احکامی از جانب حضرت رب العزۃ جلت عظمتہ

کی جانب سے لائے ہیں کہ عموم بشر کے لئے جمیع اقطار اور
امصار اور امکنہ اور ازمنہ میں تا قیام قیامت کافی ہیں اور اسی
وجہ سے دین اسلام تمام دینوں کا ناسخ ہے اور تمام دینوں کا خاتم ہے
ہم نے فلسفہ دیانت کی تفصیل اور تجدّد ادیان کا سبب عقلی
خاتمیت دین اسلام کو مفصلاً رسالہ مخصوصہ میں ذکر کیا ہے یہ
مقام بسط اور تفصیل کی گنجائش نہیں رکھتا ۔

اجمالاً یہ ہے کہ تعالیم اور قوانین دین اسلام ایک اساس
مضبوط اور محکم حکمت پر مبنی ہیں کہ ابد تک کسی وجہ سے اس
میں رخنہ اور جنبش ممکن نہیں مبادی اسلام تمامتر مطابق عقل
فطری ہر شبہ اور وہم سے خالی ہیں اور بنیاد مستحکم
حسن اور قبح عقلی پر مبنی ہیں جو کہ عموم بشر اور ذوی العقول تمام
زمانوں اور مقاموں میں جاری اور ساری ہے اور کلیہ خرافات اعتقادات
اور فاسدات عادات اور عنصری اور قومی ملاوٹوں سے پاک ہے
یہ امتیاز کسی ایک دین کے لئے دینوں میں سے اور شرایع
میں سے کسی شرع سماویہ کو حاصل نہیں ہے لہذا دعوت
طرف دین اسلام کے عمومی اور ابدی ہے ۔

ارکان تعالیم اسلام یہ ہیں ۔ اوّل اقرار صانع واحد کا اور اقرار
قیامت کا ہے ۔ یہ امور ایسے صریح اور واضح طریق کے ساتھ مقرر ہوئے
ہیں کہ اس سے زیادہ متصور اور معقول نہیں ہیں ۔ لہذا توحید میں ذرا

آورده است کہ برائے عموم بشر در جمیع اقطار و امصار و اکمنہ و ازمنہ تا قیام قیامت کافی است و بہمین جہتہ دین اسلام ناسخ جمیع ادیان و خاتم ادیان است ۔

ما تفصیلِ فلسفۂ دیانت و سرِ طبیعی تجدد ادیان و سببِ عقلیِ خاتمیتِ دین اسلام را مفصلاً در رسالۂ مخصوصہ ذکر نمودہ ایم ایں مقام گنجائش بسط و تفصیل ندارد ۔

اجمالاً میگوئیم تعالیم و قوانین دین اسلام روی یک اساسِ متین و محکمی از حکمت بنا شدہ است کہ الی الابد ہیچ وجہ رخنہ و تزعزع دراں ممکن نیست مبادی اسلام بالتمام مطابقِ عقلِ فطری عاری از شوائبِ اوہام است و مبنی می باشد بر اساسِ مستحکم حسن و قبح عقلے کہ ساری است در عموم بشر و ذوی العقول در جمیع ازمنہ و اکمنہ و مبرا می باشد از کلیہ خرافات اعتقادات و فاسداتِ عادات و مألوفاتِ عنصری و قومی ایں امتیاز برائے ہیچ یک از ادیان و شرایع سماویہ حاصل نیست ۔ لہذا دعوت بسوی دینِ اسلام عمومی و ابدی شدہ است ۔

ارکانِ تعالیمِ اسلام ۔ اول اقرار بصانع واحد و اعتراف بمعاد است بطورے صریح و واضح مقرر شدہ است کہ مزید براں متصور و معقول نیست ۔ لہذا در توحید اصلاً

بھی شک و شبہ حلول اور اتحاد اور تشبیہہ اور تعطیل کا اور
مثل ان کے جو دوسرے دینوں میں پیدا ہوگیا ہے نہیں ہے ۔
اور معاد میں مقدار ضروری جو اقرار صانع حقیقی اور تکالیف
کی لازم لاینفک ہے مقرر کر دی گئی ہے ۔
صفات ذاتیہ اور صفات فعلیہ ذات خدا میں اور نبوت اور
امامت اسی رکن کے اقسام میں سے ہیں کہ اس اجمال کی شرح
کے واسطے کتابیں چاہئیں ۔
دوم افعال بشری ہیں جن کا تعلق عالم آخرت سے ہے
وہ عبادتیں ہیں کہ ہر ایک اُن عبادتوں میں سے جو مستقل ہیں
موجبات سعادت حقیقیہ اور توجہات خضوعی ارواح و نفوس
عظمت الوہیت کے مقام بلند کی طرف اور یاد دائمی کے
اسباب سے اور وظائف عبودیت اور علایق مادی اور بدنی میں
غوطہ زنی سے بچنے کے لئے اور یگانہ علاج منحصر مقتضیات شہوات
وغضب قوائے نفسانیہ ہوتا ہے (الصلوٰۃ معراج المؤمن)
(حدیث) ان الصلوٰۃ تنہٰی عن الفحشاء والمنکر (قرآن مجید)
عبادات کے اسرار اور خوبیوں کے شمار کرنے کو
مجلدات ضخیمہ مطلوب ہیں کہ اقسام عدیدہ اس رکن کے
اور رکن سیوم کے لکھے جائیں جو کہ کتب فقہیہ اور دینیہ میں
کاملاً بیان ہوئے ہیں ۔

غموضی و شوائبی از حلول و اتحاد و تشبیہ و تعطیل و امثال انہا کہ در ادیان دیگر پیدا شدہ است نیست ۔

و در معاد مقدار ضروری کہ لازم لاینفک اقرار بصانع و تکالیف است مقرّر گردیدہ است ۔

صفات ذاتیّہ و صفات فعلیّہ در ذات احدیّت و نبوّت و امامت از اقسام این رکن می باشند کہ برائے شرح این اجمال کتابہا ضرور است ۔

دوم ۔ افعال بشری است کہ تعلق بنشاۂ آخرت دارد عبادات می باشند کہ ہر یکے ازاں عبادات مستقلاً از موجبات سعادت حقیقیہ و توجہات خضوعیِ ارواح و نفوس بسوی عظمت مقام شامخ الوہیت و از اسبابِ استمرارِ تذکّرِ وظائفِ عبودّیت و رفضِ انغماس در علایقِ مادیّہ و بدنیّہ و یگانہ علاج منحصر مقتضیاتِ شہوات و غضب قوائے نفسیہ میباشد الصلوٰۃ معراج المؤمن (حدیث نبوی)

ان الصلوٰۃ تنہٰی عن الفحشاء والمنکر (قرآن مجید)

احصاء اسرار عبادات و محسنات انہا را مجلدات ضخیمہ ضرور است کہ اقسام عدیدہ درین رکن و در رکن سیّم مندرج می باشد کہ در کتب فقہیہ و دینیہ کاملاً بیان شدہ اند ۔

بیتیم افعال بشری انتظام امور مدنیہ اور تمدن بشری اور اصلاح احوال معاش سے متعلق ہیں اور اس مقام میں دین اسلام دریائے بے پایاں ہے جس نے مقتضیات فطرت اور طبیعت کو کامل طور سے مرعی رکھ کر قانون بشر کے لئے وضع کر دیا ہے اور عقل اور وہم بشر کو کوئی خواہش اس سے زیادہ کی نہیں ہے ادیان سماویہ میں سے کوئی ایک بھی دین اور شرائع وضعیہ میں سے ایک شریعت بھی اُس کے ہزارویں حصہ کے دسویں حصہ کی بھی متکفل وضامن نہیں ہے۔ اصول مساوات کی بنا پر جملہ فوائد متعلق بحیات اور تمام حقوق اور معاملات درمیان عموم بشر مسلم وغیر مسلم مقرر فرما دیئے ہیں خوبیاں اور وضاحت تعلیمات اور قوانین اسلامی کو کافی جان کر طریقہ دعوت کو نشر معارف اسلامی اور حکومت عقل فطری پر منحصر فرما دیا ہے لا اکراہ فی الدین کو عنوان دعوت معین کیا ہے۔

جہاد جو فرض کیا گیا ہے وہ فقط رفع روک ٹوک معاندین اور مانعین نشر دعوت اسلامی کے لئے اور راہ دعوت کے کھل جانے کے لئے تھا تاکہ اقطار عالم میں جو منتظر ظہور اسلام کے تھے قوانین اسلام کے نشر پر متمکن ہو جائیں لہذا بعد فتوحات کسی کو اسلام قبول کرنے کے لئے مجبور نہیں کیا اور تحصیل علوم کو فریضہ قرار دیا تہذیب اخلاق اور تکمیل مکارم کو اہم مقاصد اور آپ کی نبوت کے غایات مقرر فرمایا

سیّم ۔ افعال بشری متعلق بانتظامِ امورِ مدنیّہ وتمدّنِ بشری و اصلاحِ احوالِ معاش است دین اسلام درایں موضوع دریائے بے پایانی است کہ مقتضیاتِ فطرت و طبیعت را کاملاً مرعی داشتہ قانونے براے بشر وضع کردہ است کہ عقل و وہم بشر راہیچ طمع مزید براں باقی نیست دیے از ادیانِ سماویّہ وقانونے از شرائع وضعیہ عشرِ معشارِ ہزارمِ آں رامتکفل نیست اصولِ تساوی را درکلیّہ مرافقِ حیَوبیّہ وسائرِ حقوق ومعاملات مابین عموم بشر ازمسلم و غیرمسلم مقرر فرمودہ است ۔

محاسن ووضوحِ تعلیمات وقوانین اسلامی راکافی دانستہ طریقۂ دعوت رامنحصر بنشرِ معارفِ اسلامی وحکومتِ عقلِ فطری فرمودہ لا اکراہ فی الدین راعنوان دعوت مقرر فرمودہ است ۔

جہادِ مفروض فقط بجہتہ رفع تعرضِ معاندین ومانعین از نشر دعوتِ اسلامی وبرائے فتح طریق دعوت بود کہ متمکن شوندازنشرِ قوانینِ اسلام درافطارِ عالم کہ منتظرظہورِ اسلام بوند لہٰذا بعد از فتوحات احدے رامجبور باعتناق اسلام نفرمودہ اند تحصیل علوم را فریضہ عمومی قرار دادہ اند تہذیب اخلاق وتکمیل مکارم را اہمّ مقاصد وغایاتِ نبوتش مقرر فرمودہ

ہے زنگ خرافات اور اوہام کو صیقل توحید کے ذریعہ سے
عقلوں کی تختیوں سے دہو ڈالا ہے۔ دین اسلام بشر کو
ترقیات روحی اور جسدی اور فکری کی طرف لے جاتا ہے
شرافت کے دروازوں کو جمیع بشر کے سامنے کھولتا ہے۔
بلا امتیاز عنصری اور جنسی اور صنفی ہر نفس کو تمام درجات
کمالات اور فضائل کیلئے حق دار قرار دیا ہے اور ہو سکتا ہے
کہ سعی اور کوشش کے سایہ میں ان پر قابض ہو جائے۔
اسی واسطے علو ہمت اور اعتماد بر نفس اور مکارم بزرگ
کو نفوس بشر میں ایجاد کیا ہے عموم افراد ملت کو براہین یقینی
اور دلائل محکمہ کے اتباع پر مامور فرمایا ہے ہر جگہ عقل فطری
کو مخاطب اور حاکم قرار دیا ہے امر معروف اور نہی منکر کو
ایجاب و عامل استمراری اور دائمی معارف حقہ سے عقول عموم
ناس کی آراستگی اور تعدیل اور تہذیب اخلاق اور پرہیز از
اخلاق رذیلہ اور سعادت دارین کی تکمیل کیلئے ہر عصر میں اور ہر
دور میں ابد تک قرار دیا ہے۔ اس دین کامل اور مکمل کی تبلیغ
کے بعد نوع بشر کو خطاب الیوم اکملت لکم دینکم کی طرف
متوجہ فرمایا ہے بس اب کسی مکمل کی حاجت نہیں ہے مانند نار
علے المنار اور مانند شمس فی رابعۃ النہار چمکتا ہے کسی دوسرے بروز دہندہ کی ضرورت نہیں
جبتک کہ عقل فطری افراد بشر میں بموجب خلقت کے

است ۔ زنگِ خرافات و اوہام را بصیقلِ توحید از الواحِ عقول زائل نمودہ است دین اسلام بشر را بسوے ترقیاتِ روحی وجسدی و فکری سوق میدہد درہائے شرافت را بروی جمیع بشر کشودہ است بدون امتیاز عنصری وجنسی وصنفی ہر نفسی را در کلیۂ درجات کمالات و فضائل ذی حق قرار دادہ است میتواند در سایۂ سعی و کوشش ان را حائز شود بدین واسطہ علوِ ہمت و اعتمادِ بر نفس و مکارم سامیہ را در نفوسِ بشر ایجاد نمودہ است عموم افرادِ ملّت را باتّباع براہینِ متقنہ ودلائلِ محکمہ مأمور فرمودہ ہمہ جا عقلِ فطری را مخاطب و حاکم قرار دادہ است امر بمعروف و نہی از منکر را ایجاب و عاملِ استمراری و دائمی براے تخلیۂ عقولِ عمومِ ناس بمعارفِ حقہ و تعدیل و تہذیبِ اخلاق و ردعِ از اخلاقِ رذیلہ و تکمیلِ سعادت دارین در ہر عصرے و دَورے الے الأبد قرار دادہ است بعد از تبلیغ این دینِ کامل و مکمّل بنوعِ بشر خطاب الیوم اکملت لکم دینکم متوجہ فرمودہ است پس محتاج ہیچ مکمل نیست کالسّارِ علی المنار والشمس فی رابعۃ النہار میدرخشد حاجتے بہ بروز دہندۂ دیگر ندارد ۔

مادامیکہ عقلِ فطری در افرادِ بشر بحکم خلقت وغریزہ

اور فطرت کے موجود ہے تعالیم اسلامی کہنہ اور مضمحل نہ ہونگے
